© rasailojaraid.com



جس میں اسلامی تہذیب کے بعض مظاہر، مثلاً طعام اور معاشرت میں اسلام کی بنا پر طرزِ عمل میں تبدیلی سے بحث کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ عصر حاضر کے ایک امریکی دانش ور ہن ٹنگٹن کے تصورِ تہذیبی تصادم کا مختصر تذکرہ بھی ہے، نیز اسلامی سیاست کے بعض اصول بھی بیان کیے گئے ہیں۔ دوسرا مقالہ مختصر ہے مگر اسلام اور سلامتی کے تعلّق کو ظاہر کرتا ہے۔ تحائف کی دینی اور سماجی اہمیّت اور بعض احکام پر مضمون گو مختصر ہے لیکن تحائف دینے اور قبول کرنے کی اخلاقیات کو واضح کرتا ہے۔ 'اسلام اور اصولِ سیاست' ساڑھے پانچ صفحات پر مبنی ایک مختصر نوٹ ہے جس کے بعد 'اسلام اور سیاست' کے زیرعنوان مقالے میں اسلام اور سیاست کے منطقی تعلّق سے بحث کی گئی ہے۔ اگلے مقالے کا عنوان 'اسلام کا شورائی نظام' ہے۔ اس مقالے میں قرآنِ کریم میں شوریٰ کی فضیلت، احادیث میں اس کی اہمیّت، اور اسلام کے مجموعی مزاج میں شوریٰ کے کلیدی کردار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ آخری دو مقالات حقوقِ انسانی کے بارے میں اسلامی موقف کی وضاحت کرتے ہیں۔

یہ مختصر مضامین اس لحاظ سے بہت مفید ہیں کہ کم وقت میں بھی ایک سنجیدہ قاری ان سے استفادہ کرسکتا ہے لیکن اگر ان مقالات کے اندرونی ربط کے پیشِ نظر انھیں مفصل مقالات کی شکل دے دی جاتی تو یہ ایک نہایت وقیع علمی پیش کش ہوتی۔ (ڈاکٹر انیس احمد)

## تعارف کتب

◉ حیاتِ طیبہؐ پر گیارہ کہانیاں، سیّد محمد اسماعیل۔ ناشر: نیشنل بک فاؤنڈیشن، ۶-ماؤ ایریا، تعلیمی چوک، سیکٹر G-8، اسلام آباد۔ فون: ۰۵۱-۲۲۵۵۵۷۲۔ صفحات: ۶۷۔ قیمت: ۷۰ روپے۔ [سیرتِ طیبہؐ پر منفرد انداز میں کہانیاں۔ پرندوں، حیوانات اور دیگر اشیا کی زبانی واقعات کو سرگزشت کے انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ چند عنوان: غار کی کبوتری، سیاہ پتھر، حلیمہ کا گدھا، انگور کا گچھا، اَبرہہ کا ہاتھی، البراق، بدر کا کنواں، اسلام کا پرچم۔ تاریخی واقعات کو قرآن وحدیث کی روشنی میں دل چسپ انداز میں اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قاری ایک نئے انداز سے متعارف ہوتا ہے۔ بچوں کی ذہنی واخلاقی تربیت کے لیے مفید کتاب، اور نیشنل بک فاؤنڈیشن کی عمدہ کاوش! اس اسلوب میں مزید کام کی ضرورت ہے۔]

---

اہم گزارش: اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ قارئین اپنی ذمہ داری پر معاملات کریں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com